اظہارِ خیال

مجلّہ علوم اسلامیہ کا جدید طرز پر چھپنے والا دوسرا شمارہ پیش خدمت ہے۔ اس شمارے کے لئے ہمیں بہت سارے مضامین موصول ہوئے لیکن صرف ان مضامین کو مجلّہ میں شامل کیا گیا ہے جو ہمارے مشاورتی بورڈ کے اراکین نے منظور کئے۔

وقت کا تقاضہ ہے کہ تحقیقی کاموں کو جدید نظریات اور طریقہ کار سے ہم آہنگ کیا جائے اور اس سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔ مقام شکر ہے کہ جامعات کے اساتذہ اس سلسلہ میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے بدلتے ہوئے حالات میں معیاری تحقیق میں اضافہ کررہے ہیں۔

ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے ملک میں صحت مند تحقیق کے لیے جو ٹھوس اقدامات کیئے ہیں ان کے مثبت اثرات محسوس ہونے لگے ہیں اور یقیناً آئندہ چند برسوں میں ہماری جامعات میں ہونے والا تحقیقی کام عالمی سطح کی تحقیق کے معیار کے مطابق ہوگا اس سفر میں محترم مقالہ نگار حضرات ہمارے شریک سفر ہونگے کیونکہ مجلّہ علوم اسلامیہ کو اس مقام تک پہنچانے اور مجلّہ کے تحقیقی معیار کو برقرار رکھنے کا سہرا یقیناً ہمارے معزز مقالہ نگار حضرات اور قومی و بین الاقوامی مجلس مشاورت کی رہنمائی اور اسلامیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر محترم ڈاکٹر بلال اے خان کی سرپرستی پر ہے۔

مجلّہ علوم اسلامیہ کو زیادہ سے زیادہ بہتر بنانے کے لیے آپ کی آراء اور مشوروں کا انتظار رہے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر سلیم طارق خان
مدیر اعلیٰ، ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ